

حکومت کا مقصد یوگا کے ذریعہ ہر شخص کو صحت مند رکھنا ہے

ہریانہ میں آئندہ 60 دنوں میں مزید 100 جمنازیم کھولے جائیں گے تاکہ زیادہ سے زیادہ لوگ باقاعدہ یوگا کا فائدہ اٹھاسکیں: نائب سنگھ سینی

योग स्वयं और समाज के लिए YOGA FOR SELF AND SOCIETY
हरियाणा योग आयोग एवं आयुष विभाग, हरियाणा
के तत्वावधान में
अन्तर्राष्ट्रीय योग दिवस-2024
राज्य स्तरीय कार्यक्रम
मुख्य अतिथि

چنڈی گڑھ(ایس این بی)

ہریانہ کے وزیراعلیٰ نائب سنگھ نے کہا کہ ریاست میں اگلے 60 دنوں میں مزید 100 جمنازیم کھولے جائیں گے تاکہ زیادہ سے زیادہ لوگ ان میں باقاعدہ یوگا کا فائدہ اٹھاسکیں۔

وزیراعلیٰ آج حصار میں 10 ویں بین الاقوامی یوگا ڈے کی مناسبت سے منعقد ریاستی سطح کی تقریب میں یوگا پریکٹیشنرز سے خطاب کر رہے تھے۔ اس پروگرام کا اہتمام ہریانہ یوگا کمیشن اور آیوش محکمہ نے کیا تھا۔انہوں نے کہا کہ ریاست میں 1121 مقامات پر جمنازیم کھولے گئے ہیں اوران میں سے 714 جمنازیم میں باقاعدہ یوگا کرایا جارہا ہے۔ ہریانہ حکومت کا مقصد یوگا کو ریاست کے ہر گھر تک پہنچانا اور اس کے ذریعے لوگوں کو صحت مند بنانا ہے۔ یوگا نہ صرف زندگی کا ایک اہم حصہ ہے بلکہ زندگی کا ایک طریقہ بھی ہے۔ وزیراعظم نریندر مودی نے 2014 میں اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی سے یوگا کو بین الاقوامی شناخت دلانے کے لیے ایک قرارداد پاس کی تھی جس کی دنیا کے 177 ممالک نے حمایت کی تھی۔آج دنیا کے 217 ممالک 21 جون کو یوگا ڈے کے طور پر منارہے ہیں۔اس کے تحت آج پارکوں، اجتماع گاہوں، گھروں، محلوں اور پنچایتوں میں لوگوں کے ذریعہ یوگا کی مشق کی گئی۔ وزیراعلیٰ نائب سنگھ نے کہا کہ لوگوں کو یوگا سے جوڑنے اور ان کی صحت کو برقرار رکھنے کے مقصد سے حکومت نے 877 آیوش یوگا اسسٹنٹ مقرر کیے ہیں، جو روزانہ یوگا سکھائیں گے۔ اس کے بعد یوگا اسسٹنٹ آیوش ڈسپنسری میں آنے والے مریضوں اوران کے اہل خانہ کی صحت کو بہتر بنانے کے لیے یوگا کی اہمیت کے بارے میں معلومات دیں گے۔ انہوں نے بتایا کہ کورونا کے دور میں جب کوئی دوا اور ویکسین نہیں تھی، لوگوں نے اس بیماری سے چھٹکارا پانے کے لیے یوگا کو اپنایا اوراس بیماری سے کافی حد تک نجات ملی۔ آج یوگا کو ایک تہوار کے طور پر منایا جا رہا ہے۔موجودہ دور میں ہر کسی کی زندگی مصروف ہوگئی ہے جس کی وجہ سے ذہن میں تناؤ رہتا ہے۔ یوگا نہ صرف تناؤ کو دور کرتا ہے بلکہ جسم میں توانائی بھی پیدا کرتا ہے۔جسم تندرست رہے تو زندگی میں ترقی کی رفتار بھی تیز رہتی ہے۔ ہمیں عزم کرنا چاہیے کہ ہمیں یوگا کے ذریعے آگے بڑھنا ہے۔ وزیراعلیٰ نے لوگوں پر زور دیا کہ وہ یوگا کو اپنے روزمرہ کے معمولات کا حصہ بنائیں، تاکہ یوگا کے ذریعے جسم کو بیماریوں سے محفوظ رکھا جا سکے۔ اس لیے یوگا کریں، صحت مند رہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہریانہ حکومت نے فیصلہ کیا ہے کہ یوگا کو اسکول کے نصاب میں شامل کیا جائے گا۔ ہر روز دعائیہ میٹنگ سے پہلے، طلبا کو پانچ منٹ کے لیے یوگا کی پریکٹس کروائی جاتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ یوگا سسٹم ہندوستان کا ایک قدیم طریقہ ہے اور یوگا گرو بابا رام دیو نے نہ صرف ہندوستان کے لوگوں کو بلکہ پوری دنیا کے لوگوں کو یوگا کے بارے میں آگاہ کیا۔ اس کے بعد وزیراعظم نریندر مودی کے وژن کے ساتھ انہوں نے یوگا کو دنیا کے کونے کونے تک لے جانے میں اہم کردار ادا کیا۔ وزیراعلیٰ نے ریاست کے لوگوں کو بین الاقوامی یوگا ڈے کی مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ اس سال بین الاقوامی یوگا ڈے کا تھیم یوگا اپنے لیے اور یوگا سماج کے لیے ہے۔ ہریانہ کے وزیر صحت ڈاکٹر کمل گپتا نے کہا کہ گوا، مدھیہ پردیش، راجستھان جیسی ریاستوں نے ہریانہ میں یوگا اور جمنازیم کھولنے کے عمل کے بارے میں معلومات لینے میں دلچسپی ظاہر کی ہے۔ گیتا کے پیغام میں بھی یوگا کی اہمیت بیان کی گئی ہے۔ آج صحت مند رہنے کے لیے یوگا کرنا ضروری ہے۔اس موقع پر وزیراعلیٰ نائب سنگھ نے ہریانہ یوگا کمیشن کا یوگا پروٹوکول کتابچہ بھی جاری کیا۔اس دوران وزیراعلیٰ نے حصار ضلع میں دو مزید جمنازیموں کا بھی افتتاح کیا اور دو جمنازیم کا سنگ بنیاد رکھا۔

اس کے علاوہ انہوں نے یوگا پروگرام کے دوران یوگا پیش کرنے والے اسکولی طلبا کو دو لاکھ روپے کے انعام کا اعلان کیا اور یوگا سے متعلق کئی سماجی اداروں کو بھی اعزاز سے نوازا۔

اس دوران وزیراعلیٰ نائب سنگھ نے لوگوں کے درمیان بیٹھ کر یوگا کیا اور سری نگر سے بین الاقوامی یوگا ڈے پر وزیراعظم نریندر مودی کا ملک کے لوگوں سے دیا گیا خطاب بھی سنا۔اس موقع پر ہریانہ اسمبلی کے ڈپٹی اسپیکر رنبیر گنگوا، ہریانہ یوگا کمیشن کے چیئرمین جیویرآریہ اور محکمہ صحت اور آیوش محکمہ کے ایڈیشنل چیف سکریٹری سدھیر راجپال نے بھی خطاب کیا۔

نیٹ پیپر بدعنوانی معاملہ: نوح میں این ایس یو آئی کا مظاہرہ

نوح/میوات (ایس این بی)

نیٹ پیپر لیک معاملے کو لے کر ملک کے طلباء میں پہلے ہی غصے کا ماحول تھا۔جس کے بعد NET-UGC کا امتحان لینے کے ایک دن بعد امتحان منسوخ ہونے کی وجہ سے طلبہ کا غصہ اور بھی بڑھ گیا ہے۔ ہریانہ کے نوح میں این ایس یو آئی سے وابستہ طلبا نے اس معاملے پر بی جے پی حکومت کے خلاف آئی ٹی آئی مروڑہ، پولی ٹیکنک انسٹی ٹیوٹ مالب و وائی ایم ڈی نوح میں مظاہرہ کیا۔طلبا رہنما آفاق نے کہا کہ مسلسل پیپر لیک ہونے سے طلبا کا مستقبل خطرے میں ہے۔جبکہ نوح کے ایم ایل اے چودھری آفتاب احمد این ای ای ٹی کا مسئلہ اٹھاتے ہوئے انہوں نے کہا کہ کانگریس پارٹی طلبا کے ساتھ کھڑی ہے۔ ہم سڑکوں پر ان کے حقوق کے لیے لڑیں گے۔ان کو انصاف دلائیں گے۔ انہوں نے یہ بھی الزام لگایا کہ امتحان میں تکنیکی بے ضابطگیاں ہوئیں اور غیر منصفانہ طریقے استعمال کئے گئے۔ بی جے پی کی حکومت والی ریاستوں اتر پردیش، بہار، گجرات اور ہریانہ میں نیٹ امتحان میں بے ضابطگیاں سامنے آ رہی ہیں۔جس کی وجہ سے پورا امتحان خوف میں گھرا ہوا ہے۔ پیپر لیک ہونے کے واقعات آئے روز ہورہے ہیں۔ جہاں بی جے پی کی حکومت ہے وہاں واقعات ہو رہے ہیں۔کانگریس لیجیلیچر پارٹی کے ڈپٹی لیڈر آفتاب احمد نے مرکزی وزیر تعلیم کے استعفیٰ کا مطالبہ کیا اور NEET امتحان کے دوبارہ انعقاد کا مطالبہ کیا۔ اگر NEET امتحان میں پیپر لیک ہونے کا معاملہ سامنے آتا ہے تو NET کا امتحان منسوخ ہو جاتا ہے۔ یہ حکومت نوجوانوں کے ساتھ ناانصافی کر رہی ہے۔انہوں نے کہا کہ بی جے پی کی حکومت والی ریاستوں اور مرکزی حکومت، فوج اور عدلیہ کے کاغذات سمیت 50 سے زیادہ پرچے لیک ہوئے ہیں۔ پیپر لیک کرنے والے بین ریاستی گروہ سرگرم ہوگئے ہیں جو کہ تشویشناک ہے۔ایم ایل اے آفتاب احمد نے کہا کہ بی جے پی حکومت نے پیپر لیک میں ایک ریکارڈ بنایا ہے، جس سے طلبا کو شدید دکھ پہنچا ہے جو برسوں سے محنت کر رہے ہیں اور ڈاکٹر بننے کا خواب دیکھ رہے ہیں، ان کا اعتماد متزلزل ہوا ہے۔لیکن موجودہ بی جے پی حکومت اسے روکنے میں مکمل طور پر ناکام ثابت ہوئی ہے۔اس دوران زید سالا ہیڑی، این ایس یو آئی کے ضلعی صدر آفاق، شاہ رخ نوح، محمد طفیل وائی ایم ڈی نوح، ناظم خان، فیض مراد باس، مستقیم بائی و پرویز مالب وغیرہ طلبا موجود تھے۔

ہریانہ: کسانوں کے کھاتوں میں فصل کے معاوضے کی رقم منتقل

چنڈی گڑھ(یو این آئی)

ہریانہ کے وزیراعلیٰ نائب سنگھ سینی جمعہ کو بھیوانی ضلع میں منعقد ایک تقریب میں ای فصل معاوضہ پورٹل کے ذریعے ریاست بھر کے 54 ہزار سے زیادہ کسانوں کو ربیع 2024 میں تباہ شدہ فصلوں کے لیے 135 کروڑ روپے کا براہ راست معاوضہ بھیجا گیا۔مسٹر سینی نے دین دیال اپادھیا انتودیا پریوار تحفظ یوجنا کے تحت 3529 اہل مستفیدین کے کھاتوں میں 131.24 کروڑ روپے کی ایکس گریشیا رقم بھی جاری کی۔انہوں نے کہا کہ ہماری حکومت مختلف اسکیموں کے ذریعے غریبوں کو مضبوط کرنے کے لیے مسلسل کام کررہی ہے۔

جس کا مستقبل جہاں اچھا ہے وہ وہاں جائے گا

کرن چودھری کے الزامات پر سابق وزیراعلیٰ بھوپیندر سنگھ ہڈا کا ردعمل

چنڈی گڑھ(ایجنسیاں)

ہریانہ میں کانگریس چھوڑ کر بی جے پی میں شامل ہونے والی سابق وزیر کرن چودھری نے سابق وزیراعلیٰ بھوپیندر سنگھ ہڈا پر الزام لگایا تھا کہ وہ انہیں سیاسی طور پر ختم کرنے کی کوشش کر رہے ہیں۔ اب بھوپیندر سنگھ ہڈا نے بھی اس پر ردعمل کا اظہار کرتے ہوئے چنڈی گڑھ میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہا کہ ٹکٹوں کی تقسیم کانگریس ہائی کمان کرتی ہے۔ سینئر لیڈر کوئی بھی ہو اسے وہاں یہ باتیں کرنی چاہئیں، ہائی کمان جو بھی فیصلہ کرے سب کو قبول ہے۔ سابق وزیراعلیٰ نے ایک بار پھر کانگریس میں گروپ بندی کی تردید کی۔کرن چودھری کی گروپ بندی کی وجہ سے بی جے پی میں شامل ہونے کے سوال پر بھوپیندر سنگھ ہڈا نے کہا کہ جس کا مستقبل جہاں اچھا ہے وہ وہاں جائے گا۔کوئی بھی اپنے مفاد میں کہیں بھی جا سکتا ہے۔کرن چودھری کے ایک خاندان کے پارٹی سنبھالنے کے بیان پر سابق وزیراعلیٰ نے کہا کہ وہ نہیں جانتے کہ وہ کس خاندان کی بات کر رہی ہیں۔ میں کسی تنازع میں نہیں پڑتا۔ ان کی خواہش تھی کہ وہ چلی جائیں، کوئی بات نہیں۔ جب سابق وزیراعلیٰ ہڈا سے پوچھا گیا تو بی جے پی ایم پی منوہر لال کھٹر کہہ رہے تھے کہ کرن چودھری کی روح پہلے سے بی جے پی میں ہے لیکن صرف ان کا جسم کانگریس میں تھا۔ اس پر ہڈا نے کہا کہ اگر منوہر لال یہ کہہ رہے ہیں تو وہ سچ کہہ رہے ہوں گے۔دریں اثنا، ہریانہ کانگریس کے صدر چودھری ادے بھان نے کرن چودھری کے الزامات پر جوابی حملہ کیا۔ انہوں نے کہا کہ کرن چودھری کے کانگریس چھوڑنے سے کوئی فرق نہیں پڑتا۔ وہ وہاں گئیں جہاں انہیں لگا کہ ان کا مستقبل محفوظ ہے۔ بیٹی کو ٹکٹ نہ ملنے پر پارٹی چھوڑ دی۔اس کے ساتھ ہی کرن چودھری پر الزام لگاتے ہوئے ادے بھان نے کہا کہ یہ وہی کرن چودھری ہیں جنہوں نے چودھری دھرم بیر اور دشینت چوٹالہ کے ساتھ مل کر 2019 کے اسمبلی انتخابات میں نینا چوٹالہ کی حمایت کی تھی۔ بنسی لال کے بڑے بیٹے چودھری مہندر کو ہرانے کا کام کیا تھا۔ کرن چودھری وہی ہیں جنہوں نے اجے ماکن کو راجیہ سبھا الیکشن ہارنے میں مدد کی تھی۔ وہ کانگریس میں رہ کر کانگریس کو دھوکہ دے رہی تھیں۔

این ای ای ٹی امتحان میں دھاندلی
کانگریس کا مرکزی حکومت کے خلاف احتجاج

چنڈی گڑھ (یو این آئی) پنجاب کانگریس نے جمعہ کو چنڈی گڑھ میں قومی اہلیت کم داخلہ ٹیسٹ (این ای ای ٹی) میں دھاندلی کے خلاف بھارتیہ جنتا پارٹی (بی جے پی) کی مرکزی حکومت کے خلاف احتجاج کیا اور نعرے لگائے۔احتجاج کی قیادت کانگریس صدر امریندر سنگھ راجہ وڑنگ نے کی۔ اس میں تمام ضلع صدور، بلاک صدور، اسمبلی حلقہ انچارج، کوآرڈینیٹر اور سابق کانگریس ایم ایل ایز اور ایم پی ایز نے شرکت کی۔مسٹر وڑنگ نے کہا کہ این ای ای ٹی امتحان میں دھاندلی بہت تشویشناک ہے کیونکہ 24 لاکھ طلباء کا مستقبل داؤ پر لگا ہوا ہے۔ احتجاج کے ذریعے انہوں نے پیپر لیک کرنے والوں کے خلاف کارروائی کا مطالبہ کیا۔احتجاج کے دوران پولیس اور کانگریس کارکنوں کے درمیان ہاتھاپائی کے بھی واقعات ہوئے۔پولیس نے راجہ وڑنگ سمیت کئی رہنماؤں اور کارکنوں کو حراست میں لے لیا ہے۔واضح رہے کہ این ای ای ٹی۔یو جی نتائج کے اعلان کے بعد سے وہ سوالوں کے گھیرے میں ہے۔ سپریم کورٹ اس کیس کی سماعت کر رہی ہے۔اس نے نیشنل ٹیسٹنگ ایجنسی اور حکومت کو نوٹس جاری کیے ہیں۔

بارش کے باعث مکان کی چھت گرگئی، ایک شخص ہلاک، خاتون زخمی

فاضلکا(یواین آئی) پنجاب کے فاضلکا ضلع کے ابوہر کے موہن نگر میں جمعرات کی رات دیر گئے تیز بارش کی وجہ سے ایک مکان کی چھت گرنے سے ایک شخص کی موت ہوگئی جبکہ اس کی اہلیہ شدید زخمی ہوگئی۔مرنے والے کی شناخت پنجاب سنگھ کے طور پر کی گئی ہے۔ یہ اطلاع ابوہر پولیس نے جمعہ کو صحافیوں کو دی۔متوفی کے بیٹے نے پولیس کو بتایا کہ تیز بارش کے باعث اس کے گھر کی چھت گرگئی۔

جالندھر ویسٹ اسمبلی ضمنی انتخابات

کانگریس اور عام آدمی پارٹی کے امیدواروں کا پرچہ نامزدگی داخل

جالندھر(ایجنسیاں)

جالندھر ویسٹ اسمبلی سیٹ پر ضمنی انتخاب کے لیے پرچہ نامزدگی داخل کرنے کے آخری دن کانگریس امیدوار سریندر کور نے اپنا پرچہ نامزدگی داخل کیا۔اس دوران پنجاب پردیش کانگریس کے صدر اور ایم پی امریندر سنگھ راجہ وڑنگ، شہری سربراہ راجندر بیری، ایم ایل اے شاہ کوٹ ہردیو سنگھ لاڈی شیرووالیا، ایم ایل اے آدم پور سکھویندر کوٹلی، راجندر سنگھ، ڈاکٹر نوجوت دہیا اور دیگر موجود تھے۔نامزدگی کے بعد کانگریس بھون جالندھر میں ایک پروگرام کا انعقاد کیا گیا جس میں سی ایل پی لیڈر پرتاپ سنگھ باجوہ، جالندھر کے ایم پی چرنجیت سنگھ چنی اور دیگر بڑے لیڈر موجود تھے۔ دوسری جانب جمعہ کو عام آدمی پارٹی کے امیدوار مہندر بھگت نے بھی اپنا پرچہ نامزدگی داخل کیا۔ اس دوران وزیر خزانہ پنجاب ہرپال سنگھ چیمہ، وزیر امن اروڑہ، ایم پی ہوشیار پور ڈاکٹر راج کمار چبیوال اور جالندھر لوک سبھا سیٹ کے امیدوار پون ٹینو موجود تھے۔ جمعہ کو شرومنی اکالی دل کی امیدوار سرجیت کور نے اپنا پرچہ نامزدگی داخل کیا۔ ان کے ساتھ بی بی جاگیر کور، سابق ایم پی مہندر سنگھ کے پی، سابق ایم ایل اے گرو پرتاپ سنگھ وڈالا اور دیگر موجود تھے۔اس سے قبل جمعرات کو 6 امیدواروں نے ریٹرننگ افسر کے پاس کاغذات نامزدگی جمع کرائے۔ ڈسٹرکٹ الیکشن آفیسر اور ڈپٹی کمشنر ڈاکٹر ہمانشو اگروال نے بتایا کہ شیتل انگورال بھارتیہ جنتا پارٹی کے امیدوار کے طور پر، سرجیت سنگھ نے اکالی دل (اے) کے امیدوار کے طور پر، بنیدر کمار نے بی ایس پی کے امیدوار کے طور پر، اقبال چند نے اپنے کاغذات نامزدگی داخل کیے ہیں۔اس کے علاوہ اجے کمار بھگت اور نیتو نے آزاد امیدوار کے طور پر پرچہ نامزدگی داخل کیا۔اس سے قبل تین امیدواروں نے کاغذات نامزدگی جمع کرائے تھے۔اب تک 9 امیدواروں نے کاغذات نامزدگی جمع کرائے ہیں۔اس کے علاوہ انجو انگورل نے بھارتیہ جنتا پارٹی کے کورنگ امیدوار کے طور پر پرچہ نامزدگی داخل کیا ہے۔

یوگا سے لوگ بغیر کسی پریشانی کے 100 سال تک زندہ رہ سکتے ہیں

بین الاقوامی یوگا ڈے پر منعقدہ پروگرام میں مدھیہ پردیش کے وزیراعلیٰ موہن یادو کا اظہار خیال

10वां अंतरराष्ट्रीय योग दिवस-2024
स्वयं एवं समाज के लिए योग 'Yoga for Self and Society'
श्रीअन्न संवर्धन अभियान का शुभा

بھوپال (پی ٹی آئی)

مدھیہ پردیش کے وزیراعلیٰ موہن یادو نے جمعہ کو 10 ویں بین الاقوامی یوگا ڈے کے موقع پر کہا کہ یوگا کی مشق کرنے سے انسان 100 سال تک بغیر کسی پریشانی کے زندہ رہ سکتا ہے۔ وزیراعلیٰ نے یوم یوگا کے موقع پر راجدھانی میں منعقدہ 'ریاستی سطح کے یوگا پریکٹس' پروگرام کی قیادت کی اور گروپ یوگا پریکٹس بھی کی۔ پوری ریاست میں بین الاقوامی یوگا ڈے منایا گیا۔ اپنے خطاب میں انہوں نے ریاست کے تمام لوگوں پر زور دیا کہ وہ روزانہ یوگا کریں اور صحت مند رہیں تاکہ وہ زندگی کے تمام مقاصد کو پورا کرسکیں۔ بارش کی وجہ سے یوگا کی تقریب وزیراعلیٰ کی سرکاری رہائش گاہ واقع آڈیٹوریم میں منعقد ہوئی۔قبل ازیں اس کا اہتمام لال پریڈ گراؤنڈ میں ہونا تھا۔ وزیراعلیٰ کے ساتھ طلبا، عوامی نمائندوں اور عہدیداروں نے بھی یوگا کیا۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ تقریباً 10 سال قبل اس دن وزیراعظم نریندر مودی کی پہل پر اقوام متحدہ اور اس کے بیشتر ارکان نے یوگا کے قدیم ہندوستانی نظام کو اپنانے کا فیصلہ کیا تھا۔ اس قدم کے ساتھ ہی ہندوستانی ثقافت کا جھنڈا پورے ملک میں لہرایا گیا۔ اس موقع پر موہن یادو نے موٹے اناج کو فروغ دینے کے لیے 'شری انّا سموردھن ابھیان' کا بھی آغاز کیا۔ انہوں نے کہا کہ ہندوستان کے لوگ خوش قسمت ہیں کہ جوار، باجرہ، ناریل، کنگنی اور راگی جیسے اناج ان کی خوراک کا بڑا حصہ رہے ہیں۔ تاہم وقت گزرنے کے ساتھ ساتھ ہماری خوراک میں گندم کا استعمال بڑھتا گیا۔ انہوں نے کہا کہ لیکن میں سب کو بتانا چاہوں گا کہ گندم کی ابتدا ہندوستان میں نہیں ہوئی۔ یہ بیرون ملک سے ہمارے ملک میں آیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس کی ایک مثال یہ ہے کہ ہماری مذہبی روایات میں چاولوں کو رسموں کے لیے پلیٹ میں رولی اور کمکم کے ساتھ استعمال کیا جاتا ہے اور جہاں چاول دستیاب نہیں ہیں وہاں جوار یا مکئی استعمال کی جاتی ہے لیکن اس پلیٹ میں گندم کو جگہ نہیں ملتی۔ انہوں نے کہا کہ ریاستی حکومت پہلے ہی یوگا کمیشن اور آنند محکمہ تشکیل دے چکی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہم نے عوام کے مفاد میں ان اداروں کے کام کو آگے بڑھانے کا فیصلہ کیا ہے۔ یادو نے کہا کہ موجودہ بی جے پی حکومت نے 11 نئے آیورویدک میڈیکل کالج کھولنے کا فیصلہ کیا ہے۔ یوگا کا ذکر کرتے ہوئے یادو نے کہا کہ اس قدیم ہندوستانی نظام کی حوصلہ افزائی کے لیے حکومت نے اسے تعلیمی اداروں کے نصاب میں شامل کیا ہے اور یوگا ٹیچر کو اب محکمہ اعلیٰ تعلیم میں باقاعدہ اساتذہ کے برابر درجہ دیا گیا ہے۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ کورونا کی وبا کے دوران بھی ہم نے دیکھا کہ یوگا کرنے والے لوگوں کو وبا کی وجہ سے کم مشکلات کا سامنا کرنا پڑا۔ ریاستی حکومت کے وزرا کی موجودگی میں ضلع ہیڈکوارٹر پر یوگا ڈے کے پروگرام بھی منعقد کیے گئے۔

کجریوال کو سیاسی قیدی بنا کر بی جے پی جیل میں رکھنا چاہتی ہے: انوراگ

چنڈی گڑھ(ایس این بی)

عام آدمی پارٹی کے سینئر ریاستی نائب صدر انوراگ ڈھانڈا نے چنڈی گڑھ کے ریاستی دفتر میں پریس کانفرنس کرکے بی جے پی حکومت کو تنقید کا نشانہ بنایا۔ لیگل سیل کے ریاستی نائب صدر گہل سنگھ سندھو اور پنچکولہ کے ضلع صدر رنجیت اپل نے کہا کہ کل راؤز ایونیو کورٹ نے اروند کجریوال کو باقاعدہ ضمانت دے دی۔ اس حوالے سے پورے ملک کے کارکنوں میں خوشی کا ماحول تھا اور سب کو لگا کہ قانون اور سچ کی جیت ہوئی ہے۔لیکن ایسا لگتا ہے کہ بی جے پی حکومت کو قانون اور نظام کی کوئی پرواہ نہیں ہے۔ ایک بات سمجھ سے بالاتر ہے کہ وزیراعظم مودی چاہتے کیا ہیں؟ بی جے پی حکومت اور اس کی ایجنسیوں کا اروند کجریوال کو کسی بھی قیمت پر جیل میں رکھنے کی کیا ضد ہے؟ انہوں نے کہا کہ آج تک ای ڈی اس معاملے میں ایک بھی ثبوت پیش نہیں کرسکی ہے اور نہ ہی ایک سکہ بھی برآمد کرسکی ہے۔ لیکن اس کے بعد بھی وزیراعظم مودی، بی جے پی اور ای ڈی کے افسران کی عجیب ضد ہے کہ اروند کجریوال اور عام آدمی پارٹی کے لیڈروں کو جیل میں رکھا جائے۔اس میں صاف نظر آرہا ہے کہ بی جے پی حکومت اروند کجریوال کو کسی کیس کی بنیاد پر نہیں بلکہ سیاسی قیدی بنا کر جیل کی سلاخوں کے پیچھے رکھنا چاہتی ہے۔انہوں نے کہا کہ یہ پورا معاملہ من گھڑت ہے اور بی جے پی کے دفتر میں لکھی گئی کہانی ہے۔لیکن آخر کار حق اور انصاف کی ہی فتح ہوگی۔ پورا ملک دیکھ رہا ہے کہ عوام کو سبق سکھانے کے بعد بھی وزیراعظم مودی جس سیاسی گھمنڈ میں دکھائی دے رہے ہیں اس سے صاف ظاہر ہے کہ بی جے پی کے کہنے پر ای ڈی پورے ملک میں نظام کا غلط استعمال کر رہی ہے۔ وہ اروند کجریوال کو سیاسی قیدی بنانا چاہتے ہیں اور انہیں کسی بھی قیمت پر جیل میں رکھنا چاہتے ہیں۔انہوں نے کہا کہ بی جے پی نے ہریانہ کے بیٹے اروند کجریوال سے جو دشمنی دکھائی ہے۔ آنے والے وقت میں ہریانہ کے عوام اور ملک کے عوام بھی اس کا جواب دیں گے۔ صحافیوں کے سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ جب ایوان شروع ہوگا تو حکومت سے ہر اس معاملے پر سوالات پوچھے جائیں گے جس کے لیے عوام نے منتخب کر کے پارلیمنٹ میں بھیجا ہے۔ مجھے نہیں لگتا کہ بی جے پی کے اتحادی لیڈر نتیش کمار اور چندرا بابو نائیڈو بھی اس بات سے خوش ہوں گے کہ وہ اپنی سیاسی خواہش کے مطابق جب چاہیں کسی کو جیل میں ڈال سکتے ہیں۔

دوہرے قتل کا معاملہ
3 ملزمان گرفتار

پانی پت (ایس این بی)

ٹوہانہ علاقہ کے گاؤں چاند پورہ میں زوجہ اور بہنوئی کے دوہرے قتل معاملہ کا انکشاف کرتے ہوئے جاکھل پولیس نے تین ملزموں کو گرفتار کرلیا ہے۔اس معاملہ میں تھانہ انچارج کلدیپ سنگھ نے بتایا کہ اس قتل کی واردات کو انجام دینے میں مورتی کے شوہر جسوندر سنگھ کا ہاتھ تھا، جس نے اپنے دو دوستوں پروبندر سنگھ اور وکرم سنگھ کے ساتھ مل کر اس قتل کو انجام دیا۔ کلدیپ سنگھ نے بتایا کہ تینوں نے پولیس کے سامنے اعتراف کیا ہے کہ انہوں نے خود یہ قتل کیا ہے۔ پروبندر سنگھ اور وکرم سنگھ کے علاوہ، جسوندر سنگھ نے مل کر جیسے ہی مورتی اور جگ سیر چاند پور پہنچے، حملہ کردیا اور تلوار کے وار کر کے انہیں قتل کردیا۔ فی الحال پولیس اس واردات میں استعمال ہونے والی جگ سیر سنگھ کی موٹر سائیکل، تلوار اور موبائل فون برآمد کرنے میں مصروف ہے۔ تینوں کو عدالت میں پیش کر کے ریمانڈ حاصل کیا جائے گا۔ دھیان رہے کہ جسوندر کو اپنی بیوی اور بہنوئی پر ناجائز تعلقات کا شک تھا، جس کی وجہ سے دونوں کئی بار گھر سے نکلے۔ دونوں کی لاشیں جسوندر کے گھر کے باہر کھیتوں سے ملی تھیں۔

جے پور کے 7 بڑے سپر مارکیٹوں میں ملا نقلی گھی کا ذخیرہ

جے پور (ایس این بی)

جے پور شہر کے مشہور ڈی مارٹ اور آئیپر مارٹ میں نقلی گھی فروخت ہو رہا ہے۔ جمعہ کو مسلسل دوسرے روز محکمہ فوڈ اینڈ سیفٹی کی ٹیموں نے مختلف سپر مارکیٹوں میں کارروائی کی۔ یہاں سے 2700 لیٹر سے زائد نقلی گھی برآمد ہوا۔ آج شہر میں سات مختلف دکانوں پر چھاپے مارے گئے۔اس سے پہلے جمعرات کو مالویہ نگر میں واقع ڈی مارٹ میں چھاپہ مارا گیا تھا۔ یہاں 40 لیٹر سارس اور 450 لیٹر پرووید برانڈ گھی ضبط کیا گیا۔فوڈ اینڈ سیفٹی ڈپارٹمنٹ کے ایڈیشنل کمشنر پنکج اوجھا نے بتایا کہ لال کوٹھی، پرتاپ نگر، نرسنگ پورہ، جھوٹوارہ، مانسرو ور اور بندایا کا میں واقع ڈی مارٹ اور آئیپر مارٹ بشمول ٹریٹن مال پر چھاپے مارے گئے۔ یہاں سے سارس اور پرووید برانڈ کا نقلی گھی برآمد ہوا ہے۔ان میں سے ٹریٹن مال سے 200 لیٹر، لال کوٹھی سے 339 لیٹر، پرتاپ نگر سے 547 لیٹر، نرسنگ پورہ سے 480، جھوٹوارہ سے 400 اور مانسرو ور کے سپر مارٹ سے 752 لیٹر گھی برآمد کیا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ محکمہ نے ریاست کے دیگر بڑے شہروں کی ٹیموں کو بھی چھاپے مار کر نقلی گھی کو ضبط کرنے کے احکامات جاری کئے ہیں۔ پنکج اوجھا نے بتایا کہ جمعرات کو ڈی مارٹ میں کارروائی کے دوران جے پور سارس ڈیری کی ٹیم موقع پر پہنچی تھی۔ٹیم نے دیکھتے ہی دیکھتے گھی کی کھیپ کو نقلی قرار دے دیا تھا۔ جب ہم نے تفتیش کی تو پتہ چلا کہ ہر کارٹن میں 25 فیصد پیکٹ نقلی تھے۔ ہر کارٹن میں گھی کے 12 پیکٹ ہوتے ہیں اور اس میں نقلی گھی کے 3 سے 4 پیکٹ تھے، جو سارس برانڈ کی اسی طرح کی پیکنگ میں تھے۔ اوجھا نے بتایا کہ جب اس نے اسٹور کے منیجر سے بات کی تو اس نے بتایا کہ یہ گھی انہیں کوکر کھیڑا میں واقع ایک ڈسٹری بیوٹر فراہم کرتا ہے۔

جیل میں یوگا پروگرام کا انعقاد

ترن تارن(یو این آئی)

صحت مند زندگی کے لیے یوگا کو فروغ دینے کے مقصد سے ضلع ترن تارن کی پٹی سب جیل میں جمعہ کو بین الاقوامی یوگا ڈے منایا گیا جس میں جیل انتظامیہ کے ساتھ ساتھ قیدیوں نے بھی جوش وخروش سے حصہ لیا۔حکومت ہند کی وزارت اطلاعات ونشریات کے سنٹرل کمیونی کیشن بیورو کے ذریعہ جیل انتظامیہ کے تعاون سے منعقد کئے گئے اس یوگا سیشن میں یوگا گرو کی رہنمائی میں مختلف یوگا آسن کئے گئے۔ اس پروگرام میں چیف جوڈیشل مجسٹریٹ پرتیما اروڑہ نے بطور مہمان خصوصی شرکت کی۔

یاسین میو ڈگری کالج میں یوگا ڈے پر منعقدہ پروگرام میں افسران کی شرکت

نوح/میوات(ایس این بی)

صحت مند رہنے کے لیے انسان کو اپنی زندگی میں یوگا کو اپنانا چاہیے۔ یوگا کو اپنے روزمرہ کے معمولات کا حصہ بنائیں۔مذکورہ خیالات کا اظہار ہریانہ وقف بورڈ کے ایڈمنسٹریٹر چودھری ذاکر حسین نے کیا وہ آج یہاں ضلع ہیڈ آفس نوح میں 10 ویں بین الاقوامی یوگا ڈے کے موقع پر یاسین میو ڈگری کالج میں منعقدہ ضلع سطح کے یوگا ڈے پروگرام میں مہمان خصوصی کی حیثیت سے اپنا خطاب دے رہے تھے۔انہوں نے کہا کہ سال 2015 میں وزیراعظم نریندر مودی نے بین الاقوامی سطح پر اپنی شہرت پھیلانے اور یوگا سے پوری دنیا کو فائدہ پہنچانے کے لیے یوگا ڈے کا آغاز کیا۔ تب سے ہر سال 21 جون کو بین الاقوامی یوگا ڈے کے طور پر منایا جاتا ہے۔ ضلع سطحی یوگا ڈے پروگرام کا افتتاح ہریانہ وقف بورڈ کے ایڈمنسٹریٹر چودھری ذاکر حسین اور ڈپٹی کمشنر دھیریندر کھڈگھٹا نے چراغ جلا کر کیا۔اس موقع پر اسسٹنٹ سپرنٹنڈنٹ آف پولیس سوناکشی سنگھ، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر پردیپ سنگھ ملک بھی ان کے ساتھ موجود تھے۔ یوگا ڈے پروگرام میں موجود تمام لوگوں نے وزیراعظم نریندر مودی اور ریاست کے وزیراعلیٰ نایاب سنگھ سینی کے مبارک پیغام کا براہ راست ٹیلی کاسٹ دیکھا اور سنا۔ ہریانہ وقف بورڈ کے ایڈمنسٹریٹر چودھری ذاکر حسین نے ضلع کے لوگوں کو بین الاقوامی یوگا ڈے پر مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ پہلی خوشی صحت مند جسم ہے، اگر جسم صحت مند رہے گا تو صرف دماغ بھی تندرست رہے گا اور اگر جسم صحت مند نہ ہوگا۔ پھر پیسہ بیکار ہے۔پہلی خوشی بیماری سے پاک جسم کو سمجھا جاتا ہے اور صحت مند ذہن صرف بیماری سے پاک جسم میں ہی رہتا ہے، اس لیے ہر ایک کو روزانہ یوگا کر کے اپنی زندگی کو خوشگوار بنانا چاہیے۔ یوگا زندگی میں بہت سے فوائد فراہم کرتا ہے، جو لوگ روزانہ یوگا کرتے ہیں، وہ ہمیشہ صحت مند رہتے ہیں اور پورا دن کام کرنے کا احساس کرتے ہیں۔ انہوں نے ہر ایک سے صحت مند رہنے کے لیے روزانہ یوگا کرنے کی اپیل کی۔ یوگا پروگرام میں یوگا چاریہ ڈاکٹر رام اوتار نے موجود یوگا سے محبت کرنے والوں کو مختلف یوگا سرگرمیاں کرنے پر آمادہ کیا اور قدم قدم پر ان کے فوائد بتائے۔ ڈپٹی کمشنر نوح نے کہا کہ یوگا ہمارے ملک میں صدیوں سے رائج ہے۔ یہ ایک روحانی مشق ہے جو اچھی صحت، ذہنی سکون اور روح کی گہرائی کو یقینی بنانے کے لیے جسم کے مختلف حصوں کو مربوط کرتی ہے۔